© rasailojaraid.com



خیال کرتا رہا ضعیفی بھی کیا نعمت ہے کہ نوجوانوں کو بوڑھوں کی خدمت پر آمادہ کرتی ہے، تیز گامی کے باوجود وقت اندازے سے زیادہ لگ گیا اور اس وسیع وعریض کارخانے کے بہت سے حصے دیکھنے سے رہ گئے، دوپہر کے کھانے کا انتظام محافظِ بغداد کی طرف سے سامرا ہی میں تھا کارخانے کے معائنے کو ادھورا چھوڑ کر تمام مہمان بسوں سے طعام گاہ تک پہونچا دیے گئے، دعوت کا انتظام ایک وسیع ہال میں کیا گیا تھا، کھانے سے پہلے نشستوں کا نظم بھی اعلیٰ درجے کا تھا، نفیس قسم کے صوفا سیٹ بچھا دیے گئے تھے اور مشروباتِ طیبہ کا اہتمام بھی خوب تھا، لنچ اور اس کے لوازمات سے چار بجے کے قریب فراغت ہوئی اور فوراً ہی بغداد کے لیے روانہ ہو گئے، بسیں آرام دہ اور تیز رفتار تھیں، ۵½ بجے سے قبل ہی بغداد پہونچ گئے، قیام گاہ آکر معلوم ہوا کہ ہندوستانی وفد کے ایک اور ممبر حیدر آباد کے مولانا سید محمد حبیب عمر حسینی بھی تشریف لے آئے ہیں، مولانا اپنے کسی عزیز کی تلاش میں جو بغداد میں مقیم ہیں چلے گئے تھے، تھوڑی دیر کے بعد واپس آگئے" مولانا سید حبیب، مرحوم مولانا سید بادشاہ حسینی کے صاحبزادے ہیں، مولانا سید بادشاہ حسینی کا شمار مشائخِ حیدر آباد میں ہوتا تھا، وعظ بھی خوب کہتے تھے، اور ان کی ارشاد وتلقین کی محفل بھی وسیع اور بارونق تھی، مولانا سید حبیب ان کے نیک دل صاحبزادے ہیں اور اپنا حلقۂ اثر رکھتے ہیں، "آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت" کے مقاصد اور پروگراموں میں بھی دلچسپی لیتے ہیں، ان کے آجانے سے ایک شریف اور سادہ دل رفیق میسر آگیا اور ڈیلیگیشن کی ترکیب بھی ٹھیک ہو گئی، علٰحدہ کمرے کے بجائے مولانا کا قیام میرے ہی کمرے میں ہوا، موصوف سفرِ حج سے بمبئی واپس پہونچے تو ان کو معلوم ہوا کہ بغداد کی علماء کانفرنس میں مدعو ہیں، کانفرنس شروع ہو چکی تھی اور وقت میں گنجائش نہیں تھی اس لیے حیدر آباد کے بجائے سیدھے دہلی آگئے اور دہلی سے بغداد پہونچ گئے۔

شنبہ کی صبح کا پروگرام یہ بنایا گیا کہ کانفرنس کے اجتماع سے قبل امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی مسجد اور مزار پر ہو آئیں، اور کاظمین کی زیارت سے بھی فارغ ہو جائیں، قاضی ابو یوسف کی



© rasailojaraid.com

